eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2022

URDU FIRST ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER II

Time: 2 hours | 70 marks

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 15 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Answer any two questions.
4. Start each question on a new page.
5. All answers must be in URDU.
6. Number your answers exactly as the questions are numbered.
7. It is in your own interest to write legibly and to present your work neatly.

---

eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

IEB Copyright © 2022

Downloaded from eduresourceza.com

LITERATURE

پڑھیے:

اس پرچہ میں چار (۴) سوالات ہیں سوال نمبر ۱-۲-۳-۴۔

QUESTION 1	**SHORT STORY**	کہانی	سوال نمبر ۱
QUESTION 2	**DRAMA**	ڈراما	سوال نمبر ۲
QUESTION 3	**NOVEL**	ناول	سوال نمبر ۳
QUESTION 4	**POETRY**	نظمیں	سوال نمبر ۴

صرف دو (۲) سوالوں کو چن کر جواب لکھیے

READ INSTRUCTIONS CAREFULLY.

Marks: 2 × 35 = 70 marks

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2022

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 1 SHORT STORY

سوال نمبر ۱- کہانی- فاطمہ جناح

— محترمہ فاطمہ جناح قائدِ اعظمؒ کی سب سے چھوٹی بہن تھیں۔ اُن کی پیدائش کے دوسرے سال ان کی والدہ کا اِنتقال ہوگیا تھا۔ اس لیے سب بہن بھائی ان کا خیال رکھتے تھے۔ قائدِ اعظمؒ تو اُن سے اتنا پیار کرتے تھے کہ اُنھوں نے ان کی تعلیم و تربیت اپنے ذمّے لے لی تھی۔

ابتدائی تعلیم مکمل کرکے محترمہ فاطمہ جناح نے دانتوں کے علاج اور دانت بنانے کے فن کی تربیت حاصل کی اور دانتوں کا اسپتال قائم کیا۔ محترمہ فاطمہ جناح چوں کہ بہت خوش اَخلاق اور اپنے فن میں ماہر تھیں اس لیے جلد ہی ان کا کام جم گیا لیکن یہ کام ابھی شروع کیے تھوڑے ہی دن ہوئے تھے کہ قائدِ اعظمؒ کی اہلیہ کا انتقال ہوگیا۔ اُس وقت قائدِ اعظمؒ کو ایک ایسے مدد گار کی ضرورت تھی جو اُن کی دیکھ بھال بھی کرسکے اور گھر کا انتظام بھی چلا سکے۔

اِن حالات کے پیشِ نظر محترمہ فاطمہ جناح اپنا اسپتال بند کرکے قائدِ اعظمؒ کے ساتھ رہنے لگیں۔ قائدِ اعظمؒ اس زمانے میں وکالت کرتے تھے اور ساتھ ہی ملک کی سیاست میں بھی دلچسپی لیتے تھے۔ جب محترمہ فاطمہ جناح نے ان کے گھر کا انتظام سنبھال لیا تو وہ اس طرف سے بے فکر ہوگئے اور اپنے کاموں میں پہلے سے زیادہ توجّہ دینے لگے۔

بات یہیں تک پہنچی تھی کہ باورچی خانے سے منظہر کی امّی نے کہا: "ناشتا تیار ہے، آپ کہیں تو لے آؤں۔" ابّو نے بچّوں سے پوچھا، "بھئی پہلے ناشتا کرو گے یا یہ باتیں جاری رکھیں؟"

اظہر بولا: "پہلے یہ باتیں پوری ہوجائیں تو پھر ناشتا کریں گے۔" ابّو نے کہا: "بھئی ذرا ٹھہر کر کریں گے۔" پھر فاطمہ جناح کے بارے میں گفتگو جاری رکھتے۔

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

1.1 **CONTEXTUAL**

سوال نمبرا-واحد یا جمع میں لکھیے

ا. ماں (1)

۲. خیال (1)

۳. دانتوں (1)

۴. تھوڑا (1)

۵. حالت (1)

سوال نمبر ۲ فاطمہ جناح

جواب لکھیے

ا. مُحترمہ فاطمہ جناح اور قائدِ اعظم کا کیا رشتہ تھا؟ (1)

۲. فاطمہ کی والدہ کا کب انتقال ہوا تھا؟ (1)

۳. قائدِ اعظم نے فاطمہ کی تعلیم کے بارے میں کیا کیا تھا؟ (1)

۴. اپنی تعلیم مُکمّل کرنے کے بعد فاطمہ نے کیا قائم کیا تھا؟ (1)

۵. اُن کا کام کیوں جلدی جم گیا تھا؟ (1)

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2022

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۳ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

۱. انتقال (1)

۲. ذمّہ داری (1)

۳. اخلاق اور فن میں (1)

۴. دیکھ بھال (1)

۵. وکالت (1)

سوال نمبر ۴ جُملے پورے کریں

۱. فاطمہ کے بہن بھائی ان کا خیال رکھتے تھے کیونکہ ________ (2)

۲. قائدِ اعظم نے اپنی بہن کی تعلیم کی ذمّہ داری لی کیونکہ ________ (2)

۳. فاطمہ نے دانتوں کا اسپتال اس لئے قائم کیا تھا کیونکہ ________ (2)

۴. اسپتال بند ہو گیا کیونکہ ________ (2)

۵. قائدِ اعظم اُن کے کاموں سے بے فکر ہو گئے کیونکہ ________ (2)

سوال نمبر ۵ پیراگراف لکھیے

فاطمہ جناح کے خاندان کے بارے میں ایک مضمون لکھیے۔(۸-۱۰ لائن)۔ (10)

[35]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

OR

1.2 **ESSAY**

سوال نمبر ۲ مضمون

فاطمہ جناح

قائدِ اعظم اور اُن کے خاندان نے فاطمہ جناح کی تعلیم اور تربیت میں اُن کی بہت مدد کی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ فاطمہ ایک زبردست دانتوں کی ڈاکٹر بنی۔ اپنے الفاظ میں مضمون لکھیے۔ (۱۸-۲۰ لائن)۔

[35]

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2022

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 2 DRAMA

سوال نمبر ۲ ڈراما

پڑھیئے

جان بچا کر ادھر اُدھر مارا مارا پھر رہا ہوں۔

شمعون :۔ بس اتنی سی بات ہے۔ آپ میرے مہمان ہیں اور میری پناہ میں ہیں میں شمعون آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میرے ہوتے ہوئے کوئی بھی آپ کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

ابراہیم :۔ میں آپ کا بے حد شکر گزار ہوں جناب۔

شمعون :۔ شکر گزار تو مجھے ہونا چاہیے کہ آپ نے مجھے اس قابل سمجھا، یہ ہمارے قبیلہ کی روایت رہی ہے کہ ہم اپنے مہمان کی جان و مال کی عزت و حفاظت میں اپنی جانوں کی پرواہ نہیں کرتے۔

ابراہیم :۔ میں اس کے لیے آپ کا تمام عمر احسان مند رہوں گا۔

شمعون :۔ نہیں۔ یہ میرا فرض ہے۔ اب آپ بے فکر ہو جائیں۔

ابراہیم :۔ شکریہ محترم شمعون!

(شمعون اپنے کمرے میں بے چینی کے انداز میں ٹہل رہا ہے۔ فکر اور پریشانی اس کے چہرے سے ظاہر ہو رہی ہے۔ ابراہیم داخل ہوتا ہے)

ابراہیم :۔ السّلام علیکم۔ کیا میں حاضر ہو سکتا ہوں؟

شمعون :۔ وعلیکم السّلام! آیئے، آیئے۔ کہیے آپ کے مزاج کیسے ہیں؟ میں ایک ہفتے سے آپ سے ملاقات نہیں کر سکا۔۔۔۔۔ کوئی تکلیف تو نہیں ہوئی آپ کو۔۔۔۔۔!

ابراہیم :۔ تکلیف کیسی۔ اپنے گھر سے زیادہ آرام ہے یہاں۔ کئی روز سے آپ کو نہیں دیکھا۔ سوچا خیریت معلوم کر لوں۔ خادم سے معلوم

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

2.1 CONTEXTUAL

سوال نمبر ا جواب لکھیے

۱. ڈراما میں جو کردار ہیں اُن کے نام لکھیے (1)

۲. شمعون اور ابراہیم میں کیسا رشتہ تھا؟ (1)

۳. کونسا کردار اپنی جان بچانا چاہتا تھا؟ (1)

۴. کون قبیلے کا سردار تھا؟ (1)

۵. قبیلے کی کیا روایت تھی؟ (1)

سوال نمبر ۲ ذیل الفاظ اور مُحاوروں کو جُملوں میں استعمال کریں

۱. محترم (2)

۲. جان بچانا (2)

۳. مہمان کی جان و مال کی عزّت (2)

۴. شکر گزار ہوں (2)

۵. فکر و پریشانی (2)

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۳ ایک ایک پر پیراگراف لکھیے۔(۵-٦ لائن)

۱. ابراہیم (5)

۲. شمعون (5)

سوال نمبر ۴ آپکو یہ ڈراما پسند ہے یا ناپسند؟ایک مضمون لکھیے(۵-٦ لائن) (5)

سوال نمبر ۵ شمعون نے ابراھیم کی حفاظت کیسے کی تھی؟ایک مضمون لکھیے(۵-٦ لائن) (5)

[35]

OR

2.2 **ESSAY**

سوال نمبر ۲ مضمون

شمعون روزانہ صبح سویرے کسی ضروری کام پر نکل جاتا ہے۔اور رات کو دیر گئے واپس آتا ہے۔اس کی کیا وجہ ہے؟(۱۸-۲۰ لائن)

[35]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 3 NOVEL سوال نمبر ۳ ناول

عَلاّمہ محمّدؐ اِقبال رَحمۃُ اللہ عَلَیہ

ہم میں سے کون ہے جو علاّمہ اِقبالؒ سے وَاقِف نہیں۔ ان کا نام سنتے ہی ہمارے دِل میں
دَب اور احترام کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لیے کہ پاکِستان کا خوِاب سب سے پہلے اِقبالؒ ہی
نے دیکھا تھا۔ اِن سے پہلے حیدرعلی، ٹیپوسُلطان، سراجُ الدَّولہ، فضلِ حق خیرآبادی اور
رسیداحمد خاں نے بھی مُسلمانوں کی آزادی کے لیے بَہُت کُچھ کیا لیکن قوم کو پاکستان کا تصوُّر
ب سے پہلے اِقبالؒ ہی نے دیا تھا۔ وہ ہماری قوم کے بَہُت بڑے مُحسِن ہیں۔

اِقبالؒ ایک عظیم شاعر تھے۔ اُنھوں نے اپنی شاعِری میں مَحبّت کا رَس گھولا، اسی لیے اس
یں بے حد اَثر تھا۔ وہ جو بات کہتے تھے دِل میں اُتر جاتی تھی! اُن کے شعر آج بھی دِلوں میں
وش اور تڑپ پیدا کر دیتے ہیں۔ اُنھوں نے قوم کو آزادی، محبت، محنت، اِتّحاد اور اِتّفاق کا
یغام دیا۔

اِقبالؒ سیالکوٹ کے شریف گھرانے میں پیدا ہُوئے۔ ان کے ماں باپ دونوں عبادت گزار
اور نیک مُسلمان تھے۔ پھر اِقبال کو جو اُستاد ملے، وہ بھی بَہُت دین دار اور نیک تھے، اس
لیے اقبالؒ پر نیکی کا بڑا گہرا رنگ چڑھ گیا۔ وہ ایک سچے اور پکّے مُسلمان تھے۔ انھیں قرآن مجید
سے بے حد محبّت تھی۔ وہ ہر روز قرآن کی تلاوت کرتے تھے۔ اکثر تلاوت کے وقت اِن کی
نکھوں سے آنسو بہنے لگتے یہاں تک کہ قرآن مجید کے ورق تر ہو جاتے۔ آپ قرآن مجید پڑھتے ہُوئے
س کے مطلب پر غور کرتے اور پھر ان باتوں کو شعروں میں بیان کر دیتے۔

3.1 **CONTEXTUAL** سوال نمبر ۱ جواب لکھیے

۱. عَلاّمہ اقبالؒ کا نام سُنتے ہی ہمارے دِل میں کیا پیدا ہوتا ہے؟ (1)

۲. عَلاّمہ اقبالؒ کہاں پیدا ہوئے تھے؟ (1)

۳. اُن کے ماں باپ کیسے تھے؟ (1)

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2022

Downloaded from eduresourceza.com

۴. علاّمہ اقبالؒ کے اُستاد کیسے تھے؟ (1)

۵. علاّمہ اقبالؒ نے قوم کو کیا پیغام دیا تھا؟ (1)

سوال نمبر ۲ ذیل الفاظ کو جُملوں میں استعمال کریں

۱. اِحترام (1)

۲. آزادی (1)

۳. شاعر (1)

۴. قوم (1)

۵. مُحبّت (1)

سوال نمبر ۳ جُملے پورے کریں

۱. پاکستان کا خواب ____________ (2)

۲. اقبال قوم کے بڑے ____________ (2)

۳. اقبال کے استاد بہت ____________ (2)

۴. انہیں قرآن مجید سے ____________ (2)

۵. آپ قرآن مجید کے مطلب پر ____________ (2)

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۴ پیراگراف لکھیے۔(۶-۸لائن)

ا. علاّمہ اقبالؒ کا پیغام (5)

سوال نمبر ۴ اس کہانی کا خُلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔(۶-۸لائن) (10)

[35]

OR

3.2 **ESSAY**

سوال نمبر ۲ مضمون

سوال نمبر ۲ علاّمہ اقبالؒ سے ہم بہت واقف ہیں۔وہ قوم کے بڑے محُسن ہیں ۔ انہوں نے قوم کو ازادی ۔ مُحبّت اور محنت کا پیغام دیا تھا۔ علاّمہ اقبالؒ کی زندگی کے حالات لکھیے۔(۱۸-۲۰لائن)

[35]

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2022

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 4 POETRY

سوال نمبر ۴ نظم

4.1 POEM 1

آپ کو دو (۲) نظمیں دی گئی ہیں-

دونوں کے جواب دیجیے

نظم نمبر ۱ ساری دنیا اپنا گھر

ساری دُنیا اپنا گھر ہے، مِل کر اسے سجاؤ آپا دھاپی چھوڑ کے بچّو! پیار کے دِیے جلاؤ
LINE 2 کیسا غصّہ، کیسی خفگی، کیسی مار کٹائی جو پھنستے ہیں اِن باتوں میں، وہ شیطان کے بھائی
LINE 3 اچھی اچھی باتیں سیکھیں، سچّائی کو مانیں جو اچھے ہیں اِس دُنیا میں، اُن کو اپنا جانیں
مِل کر کھیلیں مِل کر کھائیں، مِل کر سیر کو جائیں رنگ رنگیلے پھولوں والا، پیار کا باغ لگائیں
اُس سچّے خالق نے بچّو! اِنساں ہمیں بنایا عقل کا نُور عطا فرما کر، رُتبہ خوب بڑھایا
اچھے اچھے کاموں سے اب، اپنی شان بڑھاؤ ساری دُنیا اپنا گھر ہے مِل کر اِسے سجاؤ

[سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کراچی۔]

جواب لکھیے

۱. شیطان کے بھائی کون ہیں؟ (1)

۲. بچّوں کو مِل کر کیا کیا کرنا چاہیے؟ (1)

۳. اللہ نے انسان کا رُتبہ کِس طرح بڑھایا؟ (1)

۴. معنیٰ لکھیے۔

۱- شیطان (2)

۲. پیار کے دیئے جلاؤ (2)

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

۵.	اشعار کے معنیٰ لکھیے

ا.	کیسا غصّہ، کیسی خفتگی، کیسی مار کُٹائی	جو پھنستے ہیں اِن باتوں میں، وہ شیطان کے بھائی۔	(5)

۲.	اچھی اچھّی باتیں سیکھیں، سچّائی کو مانیں	جو اچھّے ہیں اِس دُنیا میں، اُن کو اپنا جانیں۔	(5)

(17)

4.2	**POEM 2**

سوال نمبر ۴

نظم نمبر ۲

ستارے

رات ہے روشن ہیں تارے	ہنستے کھیلتے ہیں سارے
کچھ اس طور چمکتے ہیں	جیسے ہم کو تکتے ہیں
آنکھیں یوں جھپکاتے ہیں	گویا ہمیں بلاتے ہیں
لاکھوں ہی ہیں تعداد بھی	آتے ہیں جو نظر کم ہی
دور بہت وہ رہتے ہیں	کچھ سنتے ہیں نہ کہتے ہیں LINE 5
وہ بھی لیکن تارے ہیں	وہ بھی کسی کے پیارے ہیں
وہ بھی جگ مگ کرتے ہیں	شاید ہم سے ڈرتے ہیں
ان کی دنیا الگ ہی ہے LINE 8
کوئی نہ جانے کیسی ہے

سوال نمبر ا	جواب لکھیے

ا.	رات کو ستارے کیا کیا کرتے ہیں؟	(2)

۲.	ستارے آنکھیں کیوں جھپکاتے ہیں؟	(2)

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2022

Downloaded from eduresourceza.com

۳. کیا وہ ہم سے نزدیک ہے یا دور؟ (2)

۴. ستاروں کی دنیا کیسی ہیں؟ (2)

۵. اگر ستارے نہ ہوتے تو دنیا میں کیا ہوتا؟ (2)

سوال نمبر ۲

اس نظم کا خلاصہ بیان اپنے الفاظ میں لکھیے۔(۸-۱۰ لائن) (8)

(18)

[35]

Total: 70 marks

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2022